# H.S.S.C. (Part-II) A / 2023

**(For All Sessions)**

Roll No ____________ to be filled in by the candidate

**گروپ - II**

**اردو لازمی (انشائیہ)**

وقت: 2:30 گھنٹے | نمبر: 80

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+8=10)

شمس و قمر کو ضد ہے کہ گرمِ سفر رہیں
بے رنگیوں میں خالقِ شام و سحر رہیں

شہروں میں انقلاب، بیاباں میں انقلاب
محفل میں انقلاب، شبستاں میں انقلاب

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+3+3+3=10)

نازک مزاج تھا میں، بہت اس چمن کے بیچ
جب تک رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا

آخر کو ہو کے لالہ اُگا نو بہار میں
خونِ شہیدِ عشق نہ زیرِ زمیں رہا

ہر دم جو دیکھتا ہوں تو پہلو میں دل نہیں
بیٹھا تھا اس کے پاس، مرا دل وہیں رہا

## حصہ دوم

3۔ کسی ایک جزو کی سیاق و سباق کے حوالے سے تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) وہ جوہر قابل تھے مگر موقعے کی تاک میں تھے۔ حیدر آباد میں ان کی سیاست دانی، تدبر، انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے۔ ان کا ذہن ایسا رسا، ان کی طبیعت ایسی حاضر، ان کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے، بڑے بڑے مدبر ان کا لوہا مان گئے تھے۔

(ب) ہم نے اکثر شاعروں کو دیکھا ہے کہ شعر کہنا چاہتے ہیں تو شفاالملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی سے رجوع کرتے ہیں اور ہفتہ بھر کا مسہل لے لیتے ہیں اور پھر فی یوم ایک شعر کے حساب سے کہتے چلے جاتے ہیں، یہ نہیں کرتے تو بیوی کو پیٹتے ہیں یا اس سے پٹتے ہیں، بچوں کو جھڑکتے ہیں، ذرا گھر میں شور ہوا اور وہ سر کے بال نوچنے لگے۔ "ہائے عنقائے مضمون دام میں آ کے چلا گیا۔ کم بختو! ملعونو! تمھارے شور نے اسے اُڑا دیا"۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے۔ (9+1=10)

(الف) پہلی فتح (ب) مولوی نذیر احمد دہلوی

5۔ احسان دانش کی نظم "تغیّر" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) میر انصب العین (ii) شجر کاری کی ضرورت و اہمیت (iii) قومی اتحاد

7۔ اخبار کے مُدیر کے نام خط لکھ کر ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام کے لیے تجاویز لکھیے۔ (10)